سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# شہری سرگرمیوں میں شراکت

## متعلقہ اہم سوالات

## PARTICIPACIÓ CIUTADANA

### تنظیمی دنیا

### EL MÓN ASSOCIATIU

### کھیلوں کی تنظیمیں اور کلب

### ASSOCIACIONS I CLUBS ESPORTIUS

### مذہبی آزادی

### LA LLIBERTAT RELIGIOSA

### عالمی برادری کے ساتھ اخوت' سماجی تنظیمیں

### SOLIDARITAT INTERNACIONAL: LES ONGD

## تنظیمی دنیا

## EL MÓN ASSOCIATIU

**سوال: کسی بھی تنظیم بنانے کیلئے کتنے افراد کی ضرورت ہوتی ہے؟**

جواب۔ تنظیمی قوانین کے حوالے سے قانونی طور پر تین افراد کی ضرورت ہوتی ہے

**سوال: کسی بھی تنظیم کا بنیادی ڈھانچہ کیا ہوتا ہے۔؟**

جواب۔ کسی بھی تنظیم میں کم از کم مندرجہ ذیل چیزوں کا ہونا ضروری ہے

۔تمام ممبران کی سپریم کونسل (assemblea general de socis) کا ہونا بہت ضروری ہے جو کسی بھی تنظیم کا اب سے اہم حصہ ہوتی ہے

۔مرکزی کابینہ (junta directiva)۔جس کی تشکیل آئینی ڈھانچے کے مطابق ہونا چاہیے عام طور پر بنیادی کابینہ ایک صدر۔ایک سیکرٹری۔ایک خزانچی اور

ایک کارکن پر مشتمل ہوتی ہے

مرکزی کابینہ کا چناؤ سپریم کونسل میں انتخاب کے ذریعے کیا جاتا ہے اور اکثریتی امیدوار کو چنا جاتا ہے۔

دوسری جانب کسی بھی تنظیم کے ارکان کے فرائض مندرجہ ذیل ہوں گے

۔سپریم کونسل کی جانب سے طے شدہ ماہانہ چندہ کی باقاعدہ ادائیگی کرنا

۔مرکزی کابینہ کے مجاز عہدیداران کے فیصلوں کو تسلیم کرنا

۔تنظیم کے تمام ممبران کے وسیع تر مفاد میں اس کی بہتری کیلئے کام کرنا

## سوال: کسی بھی تنظیم کی تشکیل کیلئے کون سے اقدام کرنا پڑتے ہیں۔؟

جواب۔ پہلا اقدام تنظیم کا قیام۔تمام بنیادی ممبران کو اکٹھا کر کے تنظیم کا بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کیلئے دستاویز (acta fundacional de l'associació) تیار کی جاتی ہے۔جس میں تمام ممبران کسی تنظیم کی تشکیل، آئین کی منظوری اور مرکزی کابینہ کا چناؤ کرتے ہیں

۔دوسرا اقدام تنظیم کا آئین (estatuts de l'associació) ہوتا ہے۔آئین سے مراد وہ اصول وضوابط ہیں جو تنظیم کو چلانے کیلئے وضع کیے جاتے ہیں تمام اصول وضوابط حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے سب لوگوں کی مشترکہ رائے سے تیار کیے جاتے ہیں۔ماڈل آئین بھی موجود ہے جس سے جزئیات کی ویب سائٹ پر رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے

http://www10.gencat.cat/sac/AppJava/tramit_fitxa.jsp?codi=5498

۔تیسرا اقدام وزارت انصاف کے تنظیموں کے آئین اور حقوق بارے قائم ڈیپارٹمنٹ (Registre general de Dret i d'Entitats Jurídiques del Departament de Justícia) میں اپنی ایسوسی ایشن کا اندراج کروانا ہوتا ہے۔یہ محکمہ عام طور پر تنظیموں کا اندراج کرنے اور ریکارڈ رکھنے کا ذمہدار ہے۔تاہم سیاسی۔مذہبی۔سرکاری معیار کی سپورٹس اور ماہرانہ پیشہ وارانہ تنظیموں (مزدوروں اور مالکان) کا ریکارڈ مخصوص ڈیپارٹمنٹ پر ہی ہوتا ہے کسی بھی تنظیم کو سرکاری طور پر تسلیم (personalitat jurídica) کروانے کیلئے اس کا آئینی وجود ہونا ضروری ہے۔اس کیلئے ان تنظیموں کا جزئیات دے کتلونیا کے محکمہ انصاف میں درج (Departament de Justícia de la Generalitat de Catalunya) کروانا لازمی ہے

رجسٹریشن کیلئے تمام تر کاغذی کاروائی کے متعلق آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://www20.gencat.cat/portal/site/Justicia/menuitem.cc15117be9e6a1b6bd6b6410b0c0e1a0/?vgnextoid=1f6cf31f87203110VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextchannel=1f6cf31f87203110VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextfmt=default

## سوال: کسی تنظیم کے آئین کے کون کون سی باتوں (Contingut dels estatuts) کا ہونا لازمی ہے۔؟

۔تنظیم کے نام کا انتخاب

۔تنظیم کے قواعد وضوابط

۔تنظیم کے مقاصد

۔حقوق وفرائض

- دفتر کا ایڈریس
- تنظیم کے آئین میں تبدیلی کا تسلسل
- دائرہ کار
- بنیادی اثاثہ
- مرکزی کابینہ اور ان کے انتظامی فرائض
- سماجی اثاثوں کی وراثت
- کسی بھی رکن کی شمولیت یا اخراج کا طریقہ کار

### Denomination تنظیم کے نام کا انتخاب

تنظیم کے نام کا انتخاب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ اس کے بنیادی اغراض ومقاصد کیا ہیں اور آئین کے مطابق اس کی تشکیل کی وجہ اور نام کا انفرادی ہونا ضروری ہے۔کوئی بھی ایسا نام رکھنے کی اجازت نہیں جو کسی علاقہ کی پہچان ہو یا تنظیم کے نام کی وجہ سے غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہو یا اس کے نام سے قانون سے بغاوت کا عنصر نکلتا ہو یا کسی بھی شخص کے حقوق کو غصب کرنے کی نشاندہی ہوتی ہو۔کسی بھی ایسوی ایشن کا نام پہلے سے موجود تنظیم کے نام پر یا اس سے ملتا جلتا نہیں رکھا جا سکتا جس سے غلط فہمی کا اندیشہ ہو۔تمام تنظیمیں اپنی انفرادی پہچان کیلئے نشانات کا تعین بھی کر سکتی ہیں۔

### Finalitats determinades اغراض ومقاصد

کسی بھی تنظیم کے آئین میں اس بات کا تعین ضروری ہے کہ کس مقصد کیلئے وہ تنظیم بنائی جا رہی ہے۔اگر ان کی وضاحت بہتر انداز میں کی جائے تو اچھا ہوگا۔کسی بھی تنظیم کے مقاصد میں ذاتی معاملات کو شامل نہیں کیا جا سکتا۔ان کا شہری شراکت کا غماز ہونا لازمی ہے(پبلک کارپوریشن ۔مارکیٹ سوسائٹی ۔سول سوسائٹی وغیرہ)تنظیم کے مقاصد میں مخصوص معاملات کو بھی شامل نہیں کیا جا سکتا جیسے مذہبی معاملات ۔سیاست ۔مزدوروں کے معاملات ۔سرکاری مجاز اداروں کے مقابلہ میں کھیلوں کی معاملات ۔کوآپریٹو سوسائٹی ۔انشورنش کی کمپنی ۔مالکان کی انتظامی تنظیم ۔شہری تنظیم وغیرہ شامل ہیں

### Domicili تنظیم کا دفتری پتہ

تنظیم کے مرکزی دفتر اور دیگر دفاتر کا مکمل پتہ گلی۔محلہ۔شہری پوسٹل کوڈ سمیت مکمل ہونا چاہیے

### Àmbit دائرہ کار

آئین میں اس بات کی وضاحت کرنا لازمی ہے کہ اس کا دائرہ کار کہاں تک کس علاقے تک محدود ہوگا۔ وزارت انصاف کے تنظیموں کے آئین اور حقوق بارے قائم ڈیپارٹمنٹ اس سلسلے میں ان کے اندارج کا پابند اور فیصلوں کا مجاز ہے اگر ان کا دائرہ کار کتلونیا تک محدود ہو۔اگر کسی تنظیم کا دائرہ کار کتلونیا کی حدود سے بڑھ کر ہو تو ایسی صورت میں وزارت داخلہ کا محکمہ ڈائرکٹر جنرل فیصلہ کرنے کا ذمہ دار ہوگا

### Òrgans directius i manera d'administració مرکزی کابینہ اور ان کے انتظامی فرائض

کسی بھی تنظیم میں با اختیار دو ادارے ہوتے ہیں جن میں ایک سپریم کونسل جو تمام ارکان پر مشتمل ہوتی ہے اور دوسری مرکزی کابینہ۔آئین میں اس بات کا پوری طرح وضاحت ہونا چاہیے کہ سپریم کونسل کا اجلاس عام اور ہنگامی اجلاس کے تعین ہونا چاہیے اسی طرح مرکزی کابینہ کا بھی انتخاب ہونا چاہیے۔پہلے ہی اجلاس میں ان تمام باتوں کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے اس کے لئے دوسرے اجلاس کی ضرورت نہیں۔

### Admissió i pèrdua de la qualitat de soci کسی بھی رکن کی شمولیت یا اخراج کا طریقہ کار

کسی بھی رکن کی شمولیت اور کسی کو نکالے جانے بارے تمام قواعد ضوابط واضح ہونے چاہئیں

**تنظیم کے قواعد وضوابط Règim disciplinari**

تنظیم میں ڈسپلن رکھنے کیلئے ان کے قواعد وضوابط کا تعین ہونا لازمی ہے۔

**حقوق وفرائض Drets i deures**

تمام معاملات کیلئے حقوق اور فرائض کا تعین کیا جانا لازمی ہے اور کسی بھی رکن کو ووٹ کے حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا تاہم اعزازی عہدوں کا ووٹ میں شامل ہونا لازمی نہیں

**آئین میں تبدیلی کا تسلسل Procediment de modificació dels estatuts**

آئین میں تبدیلی بارے طریقہ کار کا تعین لازمی ہونا چاہئے تاہم اس کیلئے باقاعدہ اجلاس بلانا لازمی ہے

**بنیادی اثاثہ Patrimoni fundacional**

اس بات کی وضاحت کرنا لازمی ہے کہ تنظیم کا بنیادی اثاثہ جات کیا ہیں اگر نہیں ہیں تو اس بارے میں بھی تحریر کیا جانا لازمی ہے

**سماجی اثاثوں کی وراثت Destinació del patrimoni social**

اس بات کا فیصلہ کرنا لازمی ہے اور اسے تحریر کیا جائے کہ اگر کسی وجہ سے تنظیم توڑی جاتی ہے تو ایسی صورت میں اس کے اثاثوں کا قانونی وارث کون ہوگا۔کوئی دوسری سماجی تنظیم یا کوئی اور ادارہ۔کسی بھی تنظیم کے اثاثے اس کے ارکان میں کسی بھی صورت میں تقسیم نہیں ہوسکیں گے

تنظیموں بارے مختلف آئینی نمونہ جات سے رہنمائی حاصل کرنے کیلئے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ استفادہ کر سکتے ہیں

http://www10.gencat.cat/sac/AppJava/tramit_fitxa.jsp?codi=5498

## سوال: کسی بھی تنظیم کی رجسٹریشن کروانے کیلئے کون کون سے کاغذ ہونا لازمی ہیں۔؟

**جواب۔** درخواست فارم اور سرکاری ٹیکس کی ادائیگی۔اگر آپ انٹرنیٹ کے ذریعے درخواست دیں تو ٹیکس میں 50 فیصد تک رعایت ہوتی ہے

تنظیم سازی کی بنیادی دستاویز۔صرف اصل دستاویز اور اس کی ایک نقل پیش کرنا لازمی ہے جس پر تمام بانی ممبران کے دستخط ہونا لازمی ہے۔اگر تنظیم کے اثاثوں میں کوئی جائیداد وغیرہ بھی شامل ہے تو اس کی رجسٹری بھی شامل کی جائے

تمام بانی ارکان کی شناختی دستاویزات (ڈی این ای۔ پاسپورٹ۔ ریذیڈنسی وغیرہ)اس کے علاوہ ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی تنظیم کا متعلقہ کارپوریشن میں بھی اندراج کروائیں جہاں وہ تنظیم بنائی گئی ہے اور اس کی سرگرمیاں ہوں گی۔ آئین کی صرف ایک دستاویز اور اس کی نقل دی جائے

اگر ہم انٹرنیٹ کے ذریعے یا بذات خود تنظیم کی رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں تو اس کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://www.cat365.net/Inici/ServeisEmpreses/EntitatsJuridiques/Associacio/III2_ST_Mostrar
Informacio2.htm?ruta=/Channels/Autors/Inici/ServeisEmpreses/EntitatsJuridiques/Associacio/
InscriureAssociacio/&I=1

### سوال: EL NIF محکمہ ٹیکس کا شناختی نمبر

جواب۔ جب ایک دفعہ ہماری تنظیم کی عارضی رجسٹریشن تنظیموں کے حقوق و آئینی ڈیپارٹمنٹ **Registre de Dret i Entitats Jurídiques** میں ہو جائے تو ہمیں محکمہ ٹیکس کا شناختی نمبر حاصل کرنے کیلئے درخواست دینا چاہیے ۔اس نمبر کا کوئی بھی معاشی سرگرمی شروع کرنے یعنی بل وغیرہ بنانے کیلئے ہونا لازمی ہے

شناختی نمبر کے حصول کیلئے محکمہ ٹیکس **Hisenda** میں مندرجہ ذیل دستاویزات پیش کرنا لازمی ہے

- ماڈل فارم 036 پر کرنے کے بعد
- تنظیم سازی کی بنیادی دستاویز۔ آئین اور درخواست فارم کی نقل جو تنظیموں کے حقوق و آئینی ڈیپارٹمنٹ میں جمع ہوئی
- ماڈل فارم 036 پر دستخط کرنے والے نمائندہ شخص کی شناختی دستاویز کا کاپی ( کوئی بھی بانی ممبر پیش کرسکتا ہے )

## کھیلوں کی تنظیمیں اور کلب

## ASSOCIACIONS I CLUBS ESPORTIUS

### سوال: کوئی بھی کھیلوں کی تنظیم یا کلب بنانے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔؟

جواب۔ عام تنظیم سازی کیلئے موجود تمام شرائط پوری کرنے کے ساتھ کتلان سپورٹس کونسل(**Consell Català de l'Esport**) سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔اس بات کی وضاحت کرنا لازمی ہے کہ کلب یا تنظیم کی سرگرمیاں کمرشل یا تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال ہوں گی ۔اگر کوئی کھیل کسی فیڈریشن سے الحاق کے بعد کھیلی جائے گی تو ایسی صورت میں متعلقہ فیڈریشن کا اجازت نامہ لگانا ضروری ہے۔مزید معلومات و رہنمائی کیلئے ہم جنرلیتات دے کتلونیا کے کھیلوں کی تنظیموں بارے رجسٹرار **(Registre d'Entitats Esportives de la Generalitat de Catalunya)** سے رابطہ کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے بھی رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے

**http://www16.gencat.cat/esport/scripts/ree/index.asp**

### سوال: کیا کسی بھی کھیل میں شرکت کیلئے مخصوص قومیت کا ہونا ضروری ہے۔؟

جواب۔ تمام نوجوان کسی بھی کھلاڑی کے ساتھ بغیر کسی نسلی تعصب کے کھیل سکتے ہیں جبکہ بالغ افراد کی کھیلوں کی تنظیموں میں اسپین یا کسی بھی یورپ ملک کا کوئی بھی کھلاڑی جس کے پاس کھیل کا سرٹیفکیٹ ہو ٹیم میں شامل ہوسکتا ہے۔ایسے تمام مرد و خواتین کھلاڑی جو یورپی یونین کے باشندے نہیں انہیں کسی بھی ٹیم کا حصہ بننے کیلئے کتلان یا قومی فیڈریشن کے قوانین کا مطالعہ کرنا چاہیے۔کیونکہ اس حوالے سے غیر یورپی کھلاڑیوں کی ایک مخصوص تعداد کسی بھی ٹیم کا حصہ بن سکتی ہے

## مذہبی آزادی

## LA LLIBERTAT RELIGIOSA

### سوال: کوئی بھی مذہبی تنظیم بنانے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہے۔؟

جواب۔ کسی بھی مذہبی تنظیم کی قانونی حیثیت کیلئے ضروری ہے کہ ہم اس تنظیم کا اندراج اسپین گورنمنٹ کی وزارت انصاف کے مذہبی تنظیموں والے محکمہ میں کروائیں

اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی لے سکتے ہیں

http:///www.mjusticia.es/cs/Satellite?c=OrgSubSeccionREG&cid=1158227762364&lang=es_es&menu_activo=1080215132294&p=1080215132294&pagename=Portal_del_ciudadano%2FOrgSubSeccionREG%2FTpl_OrgSubSeccionREG

اس محکمہ میں تنظیم کا نام ۔تاریخ ۔نمبر شمار ۔اغراض ومقاصد ۔طریقہ کار اور اس کی کابینہ بارے تمام اعداد وشمار درج ہوتے ہیں ۔عام طور پر قانونی نمائندہ اور مذہبی جگہ بھی درج ہوتی ہے(مسجد ۔گرجا گھر ۔مندر ۔اور دوسری عبادت گاہیں وغیرہ)

ہسپانوی حکومت کا کیتھولک گرجا گھروں ۔ایوانجلک گرجا گھروں ۔مسلمانوں اور یہودیوں کی عبادت گاہوں بارے تحریری معاہدہ کر رکھا ہے اور ان مذاہب کو معاشرے مین قانونی تحفظ حاصل ہے ۔ایسے تمام معاہدے مذکورہ مذاہب کی آزادانہ مذہبی سرگرمیوں کیلئے کئے جاتے ہیں اس کے علاوہ سکولوں اور ہسپتالوں اور جیلوں میں ان کا احترام اور قبرستانوں میں خصوصی جگہوں کی تخصیص شامل ہے

## عالمی برادری کے ساتھ اخوت ٗ سماجی تنظیمیں

**SOLIDARITAT INTERNACIONAL: LES ONGD**

### سوال: عالمی طور پر کسی بھی غیر سرکاری سماجی تنظیم بنانے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہے ۔؟

جواب ۔ ہمیں تنظیم کے آئین میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہئے کہ

۔اس تنظیم کا بنیادی مقصد عالمی برادری کے ساتھ اخوت اور باہمی تعاون ہے

۔تمام اداروں ۔سرکاری محکموں ۔تنظیموں پرائیویٹ کمپنیوں سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے ۔اس کا مطلب ہے کہ قانونی طور پر آزاد ہو اور اس کے اغراض و مقاصد واضح ہونا چاہئیں

۔اس تنظیم کے تمام تر معاملات اور اکاؤنٹ شفاف اور تمام افراد کی پہنچ تک ہونے چاہیں اور اس کی کارکردگی مقاصد اور فنڈ بارے بحث کی جا سکتی ہو اور وہ عام لوگوں کی دسترس میں ہو

۔اس کے مقاصد میں شہرت دولت تعصب اور فرقہ بندی کا عنصر نہیں ہونا چاہئے

اس سلسلے میں بہتر ہوگا کہ غیر سرکاری سماجی تنظیموں کی کتلان فیڈریشن(Federació Catalana d'ONG's per al Desenvolupament) کے ساتھ الحاق کیا جائے ۔اس سلسلے میں کن دستاویزات کی ضرورت ہوتی ہے آپ کو ویب سائٹ www.pangea.org/fcongd/ سے رہنمائی مل سکتی ہے